**INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL, DAMMAM**

**SUMMATIVE ASSESSMENT-1, SEPTEMBER 2013**

**URDU (COURSE-B)**

**CLASS: IX**

**TIME: 3 HRS** **MAX MARKS: 90**

StudentBounty.com

## حصّہ - الف

1- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔ 5

"کھیل کی زندگی میں وہی اہمیت ہے جو علم کی۔ علم سے اگر دماغی نشوونما ہوتی ہے تو کھیلوں سے دماغی اور جسمانی دونوں فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ موجودہ دور میں کھیل کی اہمیت کو ماہرینِ تعلیم نے تسلیم کیا ہے۔ وہ زمانہ گیا جب لوگ کہا کرتے تھے :

کھیلوگے کودوگے ہوگے خراب پڑھوگے لکھوگے بنوگے نواب

مختلف طرح کے کھیل نہ صرف صحت کو بہتر بنا کر ہمارے جسم میں پُھرتی اور طاقت پیدا کرتے ہیں بلکہ ہماری دلچپی اور تفریح کے بہترین ذرائع بھی ہیں۔ کھیلوں کے ذریعے آپس میں ملنے جلنے، ایک دوسرے کو سمجھنے اور ہر رنگ و نسل، مذہب و ملّت کے لوگوں کے ساتھ مل جل کر کام کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ کھیل سے انسانوں میں خود اعتمادی، حوصلہ، رواداری وسیع النّظری اور تعاون کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے نظم و نسق اور قانون کی پابندی کرنے کی عادت پیدا ہوتی ہے۔ کھیلوں میں بہت سے مواقع ایسے آتے ہیں جہاں کھلاڑی خود غرضی یا ذاتی مفاد سے ہٹ کر انصاف، ایمانداری، صبر و تحمّل اور سچّائی پر مستقل مزاجی سے قائم رہتا ہے۔ اس طرح کھیل ایک انسان کی شخصیت کو اُبھارنے اور اس کو سنوارنے میں پوری مدد کرتا ہے۔"

(a) علم سے کیا فائدہ ہے؟

۱- جسم بڑھتا ہے ۲- انسان پڑھا لکھا کہلاتا ہے ۳- قرآن حفظ ہوتا ہے ۴- دماغی نشوونما ہوتی ہے

(b) کھیلوں سے کیا فائدے ہوتے ہیں؟

۱- فٹ بال کھیلنی آتی ہے ۲- دماغی اور جسمانی دونوں فائدے ہوتے ہیں ۳- صرف کھلاڑی بن جاتے ہیں ۴- صرف جسمانی فائدہ ہوتا ہے

(c) ذاتی مفاد کا کیا مطلب ہے؟

۱- اپنا مفاد ۲- دوسرے کا فائدہ ۳- اپنا نقصان ۴- دوسرے کا نقصان

(d) کھیل سے انسانوں میں کون سی عادت پیدا ہوتی ہے؟

۱- قانون کی خلاف ورزی کرنے کی ۲- نظم و نسق اور قانون کی پابندی کرنے کی ۳- دیر تک سوتے رہنے کی ۴- لڑنے جھگڑنے کی

(e) دی گئی عبارت میں شاعر نے کیا بات بتائی ہے؟

۱- کھیل کود سے ہم خراب ہوتے ہیں ۲- پڑھنے لکھنے سے ہم نواب بنتے ہیں

۳- کوئی بات نہیں بتائی ۴- کھیل کود سے خراب اور پڑھنے لکھنے سے ہم نواب بنتے ہیں

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

پھر چلی ہے ریل اسٹیشن سے لہراتی ہوئی      نیم شب کی خامشی میں زیرِلب گاتی ہوئی
ڈگمگاتی ، جھومتی ، سیٹی بجاتی ، کھیلتی      وادی و کہسار کی ٹھنڈی ہوا کھاتی ہوئی
تیز جھونکوں میں وہ چھم چھم کا سرودِ دل نشین      آندھیوں میں مینہ برسنے کی صدا آتی ہوئی

نو نہالوں کو سناتی میٹھی میٹھی لوریاں

نازنینوں کو سنہرے خواب دکھلاتی ہوئی

(a) اسٹیشن سے ریل کس وقت نکلی؟

۱- صبح کو   ۲- دوپہر کو   ۳- شام کو   ۴- آدھی رات کو

(b) "سرودِ دل نشین" کس کو کہا گیا ہے؟

۱- ریل کی آواز کو   ۲- پانی کی آواز کو   ۳- برسات کے شور کو   ۴- گھنگرووٴں کی آواز کو

(c) ریل میٹھی میٹھی لوریاں کس کو سناتی ہے؟

۱- بچّوں کو   ۲- بوڑھوں کو   ۳- لڑکیوں کو   ۴- عورتوں کو

(d) ریل کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

۱- جھاڑیوں سے   ۲- گھاٹی سے   ۳- ناگن سے   ۴- کہسار سے

(e) ریل سنہرے خواب کس کو دکھلاتی ہے؟

۱- نونہالوں کو   ۲- نازنینوں کو   ۳- ضعیفوں کو   ۴- کسی کو نہیں

## حصہ - ب

3- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 10

۱- میرا پسندیدہ تہوار   ۲- یومِ اساتذہ   ۳- سفر کے حالات   ۴- پسندیدہ شخصیت

4- اپنے اسکول پرنسپل کے نام اپنی فیس معاف کرانے کے لئے ایک درخواست لکھیے۔ 8

یا

والد صاحب کے نام خط لکھیے اور ان سے درخواست کیجیے کہ وہ آپ کو پانچ ہزار روپے بذریعے منی آڈر بھیج دیں۔ خط میں لکھیے کہ آپ کو کن کن چیزوں کی خریداری کرنی ہے۔

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

## حصہ-ج

ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے- صرف چھ 6

نیکیاں ، تکلیف ، پرندے ، جلوے ، تاجر ، احکام ، جنگل ، درند

6- درج ذیل لفظوں کے متضاد لکھیے- صرف چھ 6

اِتّفاق ، عزت ، بلند ، دھوپ ، بیمار ، سردی ، روشنی ، ظلم

7- "بے تاب" میں "بے" سابقہ اور "قید خانہ" میں "خانہ" لاحقہ ہے- آپ بھی "بے" اور "خانہ" لگا کر تین تین الفاظ لکھیے- 6

8- درج ذیل مذکّر کے مونث اور مونث کے مذکّر لکھیے- 6

اماں ، ہرن ، بہن ، اونٹ ، بندر ، بلّی

9- درج ذیل الفاظ اور محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے- صرف چار 4

ادھیڑبُن ، حق دار ، طور طریقے ، نظر بچانا ، سُدھ نہ رہنا ، ٹس سے مس نہ ہونا

## حصہ-د

10- درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے دیئے گئے متبادل جواب میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے- 7

"اسی شہر عادل آباد میں ایک بڑی مسجد تھی اور ایک بڑا مندر- ان میں نیک ہندو مسلمان آکر اپنے اپنے ڈھنگ سے عبادت کرتے اور خدا کو یاد کرتے تھے- مندر اور مسجد کے بیچ ایک بہت اونچا مکان تھا اس کے بیچ میں ایک بڑا سا کمرہ تھا- کمرے میں ایک بہت بڑا گھنٹا لٹکا ہوا تھا اور اس میں ایک لمبی سی رسّی بندھی ہوئی تھی- اس گھر کا دروازہ دن رات کھلا رہتا تھا- شہر عادل آباد میں جب کوئی کسی پر ظلم کرتا یا کسی کا مال دبا لیتا یا کسی کا حق مار لیتا تو وہ اس گھر میں جاتا، رسّی پکڑ کر کھینچتا- یہ گھنٹا اس زور سے بجتا کہ سارے شہر کو خبر ہو جاتی- گھنٹے کے بجتے ہی شہر کے پنچ، نیک دل ہندو مسلمان وہاں آجاتے اور فریادی کی فریاد سن کر انصاف کرتے- اتفاق کی بات کہ اندھا گھوڑا بھی صبح ہوتے ہوتے اس گھر کے دروازے پر جا پہنچا- یہ غریب بھوک کے مارے ہر چیز پر منہ چلاتا تھا، رسّی جو اس کے بدن سے لگی تو وہ اسی کو چبانے لگا- رسّی جو ذرا کھنچی تو گھنٹا بجا- مسلمان مسجد میں نماز کے لیے جمع تھے- پجاری مندر میں پوجا کر رہے تھے- گھنٹا جو بجا تو سب چونک پڑے اور اپنی اپنی عبادت ختم کر کے اس گھر میں آکر جمع ہوگئے- شہر کے پنچ بھی آگئے-"

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

۱- بہادر شاہ کا ہاتھی ۲- چڑیا گھر کی سیر ۳- جنگل کی زندگی ۴- احسان کا بدلہ احسان

(b) اس سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

۱- ڈاکٹر ذاکر حسین ۲- منشی پریم چند ۳- خواجہ حسن نظامی ۴- میر باقر علی

(c) مندر اور مسجد کے بیچ میں کیا تھا؟

۱- بڑا سا کمرا ۲- بہت اونچا مکان ۳- لمبی رسّی ۴- کچھ بھی نہیں تھا

(d) اس اقتباس میں کس شہر کا ذکر کیا گیا ہے؟

StudentBounty.com

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

[illegible]

(f) پنچ کا مطلب ہے---

۱- بچّے ۲- بوڑھے ۳- عورتیں ۴- پنچایت کرنے والے

(g) گھنٹے کے بجنے سے کس کو خبر ہوجاتی تھی؟

۱- تاجر کو ۲- سارے شہر کو ۳- صرف پنچوں کو ۴- ہندو اور مسلمانوں کو

یا

"ہمارے ملک میں کئی قسم کے جنگل ہیں۔ ہمالیہ اور دوسرے پہاڑی جنگلوں میں طرح طرح کے پیڑ پودے پائے جاتے ہیں۔ مثلاً چیڑ، دیودار، سال ساگوان وغیرہ۔ ان جنگلوں میں شیر، تیندوا، بھالو، طرح طرح کے ہرن، بندر اور سانپ بھی ہوتے ہیں۔ میدانی جنگل ہمالیہ کے دامن سے شروع ہوکر وادیوں میں دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں۔ ان جنگلوں میں گھنے، اونچے اور چوڑے پتّوں والے درخت جیسے ڈھاک وغیرہ ہوتے ہیں۔ یہاں پہاڑی علاقوں کی طرح پانی کی افراط ہوتی ہے۔ جانور بھی اوپری حصّوں سے آتے جاتے رہتے ہیں۔ ریگستان میں پانی کی کمی ہوتی ہے۔ ان میں صرف وہی پیڑ پودے اور جانور پائے جاتے ہیں جنھیں پانی کی بہت کم ضرورت ہوتی ہے۔ زیادہ تر کانٹے دار، بے پتّی کے پیڑ، پودے ہوتے ہیں۔ جیسے: ناگ پھنی، ببول وغیرہ۔ یہاں اونٹ، ببر شیر، لنگور، سانپ اور گرگٹ جیسے جانور ملتے ہیں۔ غرض جنگل ہماری زندگی کے لیے بہت ضروری ہیں۔"

(a) اس اقتباس کو کس سبق سے لیا گیا ہے؟

۱- جنگلوں کی زندگی ۲- جنگل کی زندگی ۳- ہندوستانی جنگل ۴- جنگل اور زندگی

(b) ہمارے ملک میں جنگل پائے جاتے ہیں----

۱- دو قسم کے ۲- پانچ قسم کے ۳- کئی قسم کے ۴- دس قسم کے

(c) ہمالیہ اور دوسرے پہاڑی جنگلوں میں پیڑ ملتے ہیں----

۱- نیم اور آم کے ۲- کانٹے دار بے پتّی کے ۳- ناگ پھنی اور ببول کے ۴- چیڑ، دیودار، سال ساگوان وغیرہ

(d) ہمالیہ کے دامن سے وادیوں میں دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں----

۱- اونچے اونچے جنگل ۲- سوکھے جنگل ۳- چھوٹے چھوٹے جنگل ۴- میدانی جنگل

(e) پہاڑی علاقوں میں کس چیز کی افراط ہوتی ہے؟

۱- پانی کی ۲- جانوروں کی ۳- پرندوں کی ۴- میدانوں کی

(f) ریگستان میں کون سے پیڑ ہوتے ہیں؟

۱- چوڑے پتّے والے ۲- ہرے بھرے درخت ۳- کانٹے دار اور بے پتّی کے درخت ۴- تینوں جواب درست ہیں

(g) لفظ "افراط" کا مطلب ہے؟

۱- زیادتی ۲- کمی ۳- سوکھا ۴- کچھ بھی نہیں

11- سبق "نادان دوست" سے کیشو کے کردار پر سات جملے لکھیے۔



StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

-یا-

...ی والا" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۱۲- دیئے گئے سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے: 4

۱- چڑیا گھر میں جانوروں کو بیماری سے بچانے کے لئے کون کون سے کام کئے جاتے ہیں؟

۲- خدا کی مخلوق کس چیز سے تر و تازہ اور نہال ہوتی ہے؟ قدرت کی پیدا کی ہوئی چند چیزوں کے نام بتائیے جن سے آپ کام کی باتیں سیکھ سکتے ہیں۔

۳- مولا بخش میں کون سی خوبیاں تھیں؟ اس سبق کے ذریعے ہمیں کیا پیغام دیا گیا ہے؟

۴- دکان دار کو گھوڑے کے دام کس طرح وصول ہوئے؟ اس کہانی کے ذریعے کیا بات بتائی گئی ہے؟

13- درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 6

یہ گھر سسرال ہوگا شاید اس کا — جبھی ماں باپ کی یاد آ رہی ہے

جبھی مصروف ہے آہ و فغاں میں — جبھی غمگین لَے میں گا رہی ہے

شِوالے میں گجر بھی جاگ اٹھا — ٹھنا ٹھن ٹھن کی آواز آ رہی ہے

کوئی چڑیا نکل کر گھونسلے سے — گھنے جنگل میں منگل گا رہی ہے

کوئی بکری کہیں کرتی ہے مَیں مَیں — کوئی بچھیا کہیں چِلّا رہی ہے

مگر ان سب سے بے پرواہ وہ لڑکی — برابر گیت گائے جا رہی ہے

(a) اس نظم کا نام کیا ہے؟

۱- دیہاتی گیت ۲- ایک دیہاتی لڑکی کا گیت ۳- دیہاتی لڑکی کا گیت ۴- بہادر بنو

(b) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

۱- تلوک چند محروم ۲- اختر شیرانی ۳- سورج نرائن مہر ۴- اسمٰعیل میرٹھی

(c) لڑکی کے غمگین لَے میں گانے کی کیا وجہ ہے؟

۱- اپنی سہیلیوں کو یاد کرنا ۲- ساس کو یاد کرنا ۳- والدین کو یاد کرنا ۴- ماں کو یاد کرنا

(d) "آہ و فغاں" کا کیا مطلب ہے؟

StudentBounty.com

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

...ں کی آواز کس سے آرہی ہے؟

...ندر سے ۲- گرجا گھر سے ۳-جنگل سے ۴- چڑیوں کے چہچہانے سے

(f) بچھیا کسے کہتے ہیں؟

۱- بکری کا مادہ بچہ ۲- بکری کا نر بچہ ۳- گائے کا نر بچہ ۴- گائے کا مادہ بچہ

یا

ہندو مسلمان ہیں بھائی بھائی — تفریق کیسی ، کیسی لڑائی

ہندو ہو کوئی یا ہو مسلماں — عزت کے قابل ہے بس وہ انساں

نیکی ہو جس کا کارنمایاں — اوروں کی مشکل ہو جس سے آساں

ہر اک سے نیکی، سب سے بھلائی — ہندو مسلمان سب بھائی بھائی

دونوں کا مسکن ہندوستاں ہے — دو بلبلیں ہیں اک گلستاں ہے

اک سرزمیں ہے اک آسماں ہے — دونوں کا یک جا سود و زیاں ہے

(a) یہ اشعار کس نظم کے ہیں؟

۱- ہندو مسلمان ۲- ہندو اور مسلمان ۳- ہندوستان ۴- بہادر بنو

(b) اس نظم کے شاعر کا نام ہے---

۱- اختر شیرانی ۲-تلوک چند محروم ۳- اسمٰعیل میرٹھی ۴- کوئی نہیں

(c) عزت کے قابل کون ہے؟

۱- مال دار آدمی ۲- طاقت ور انسان ۳- کمزور انسان ۴- نیک انسان

(d) ہندو مسلمان کا ملک کون سا ہے؟

۱- جاپان ۲- چین ۳- ہندوستان ۴- امریکہ

(e) ہندو مسلمان کا آپس میں رشتہ ہے---

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

...ے کہا گیا ہے؟

...ریزوں کو ۲- ہندو مسلمان کو ۳- سکھوں کو ۴- کسی کو نہیں

14- نظم "بہادر بنو" کا مرکزی خیال لکھیے۔ 6

یا

نظم "ایک پودا اور گھاس" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15- دیئے گئے سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔ 4

۱- کامرانی کا راز کیا ہے؟

۲- کسی سے گفتگو کرنے کے کیا آداب ہیں؟

۳- دنیا میں عزت کا سہرا کس کے سر بندھتا ہے؟

۴- لڑکی کے گاتے وقت کس طرح کا ماحول تھا؟

• ختم شد •

StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers